## آیتِ مبارکہ

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْؕ-وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ(۳۱)

(پارہ:3، آلِ عمران:31)

**ترجَمۂ کنزُالعِرفان:** اے حبیب! فرمادو کہ اے لوگو! اگر تم اللہ سے محبّت کرتے ہو تو میرے فرمانبردار بن جاؤ اللہ تم سے محبت فرمائے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اِس آیت میں بیان کیا گیا کہ اللہ پاک سے محبّت کا تقاضا یہ ہے کہ اللہ پاک کی عبادت کرنے اور اس کے اَحکامات پر عمل کرنے میں نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی پیروی کی جائے۔[1]

## ظہر کی سُنّتِ قَبلیہ پڑھنے کے فضائل

**اَحادیث مُبارکہ میں ہے:** ❁ جو پابندی کے ساتھ دِن رات میں 12 رکعتیں پڑھے گا، اُس کے لیے جنّت میں ایک گھر بنایا جائے گا۔ وہ 12 رکعتیں یہ ہیں: **(1-4): ظہر سے پہلے 4 رکعتیں** (5،6): 2 رکعتیں ظہر کے بعد (7،8): 2 رکعتیں مغرب کے بعد (9،10): 2 رکعتیں عشاء کے بعد (11،12): 2 رکعتیں فجر سے پہلے۔[2] ❁ جو پابندی کے ساتھ 4 رکعتیں ظہر سے پہلے اور 4 رکعتیں ظہر کے بعد پڑھتا ہے، اللہ پاک اس پر جہنم کی آگ حرام فرمادیتا ہے۔[3] ❁ جس نے ظہر سے پہلے 4 رکعتیں پڑھیں گویا اس نے تہجد کی 4 رکعتیں پڑھیں۔[4] ❁ جو ظہر سے پہلے 4 رکعتیں پڑھے، اُسے اولادِ اسماعیل سے ایک غلام آزاد کروانے کا ثواب ملے گا۔[5] ❁ ظہر سے پہلے ایک سلام کے ساتھ پڑھی جانے والی 4 رکعتوں (کی عزت

---

1 ... تفسیر بیضاوی، پارہ:3، سورۂ آلِ عمران، زیرِ آیت:31، جلد:2، صفحہ:28، ملخصًا، دار الفکر۔

2 ... سنن ابن ماجہ، کتاب اقامۃ الصلوٰۃ وسنۃ فیھا، باب ماجاء فی ثنتی عشرۃ رکعۃ من السنۃ، صفحہ:185، حدیث:1140۔

3 ... سنن نسائی، کتاب قیام اللیل وتطوع النھار، باب الاختلاف علی اسماعیل بن ابی خالد، صفحہ:310، حدیث:1813۔

4 ... معجم اوسط، جلد:4، صفحہ:386، حدیث:6332۔

5 ... مصنف ابن ابی شیبۃ، کتاب صلاۃ التطوع والامامۃ، باب فی الاربع قبل الظھر... الخ، جلد:2، صفحہ:105، حدیث:9۔

افزائی) کے لیے آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔[1]

## ظہر کی سُنّتِ قَبْلِیہ کے متعلق احکام

(1): ظہر کے فرضوں سے پہلے 4 رکعتیں پڑھنا، سُنّتِ مُؤَکَّدہ ہیں۔[2] (1): ان سُنّتوں کو چھوڑنے کی عادت بنالینا گناہ ہے۔[3] (1): ظہر کی سُنّتِ قَبْلِیہ رہ جانے کی صورت میں فرض اور 2 سُنّتیں پڑھنے کے بعد پڑھی جائیں۔[4] لیکن اس کی عادت نہ بنائی جائے کہ اِن سُنّتوں کو فرضوں سے پہلے پڑھنا بھی سُنّتِ مُؤَکَّدہ ہے[5] اور سُنّتِ مُؤَکَّدہ کے ترک کی عادت گناہ ہے۔[6] (5): جمعہ کی سُنّتِ قَبْلِیہ کا بھی وہی حکم ہے جو ظہر کی سُنّتِ قَبْلِیہ کا ہے۔[7]

## سُنّتِ قَبْلِیہ پڑھنے کی عادت بنانے کے طریقے

❁ نمازوں کا ذوق و شوق بڑھائیے! اس کے لیے امیرِ اہلسنت دامَت بَرَکاتُہمُ العالِیہ کی کتاب فیضانِ نماز کا مطالعہ کیجئے ❁ ظہر کی سُنّتِ قَبْلِیہ کی فضیلت ذہن میں رکھیے ❁ اذان ہوتے ہی مسجد میں چلے جائیے! اس سے سُنّتِ قَبْلِیہ کی بھی پابندی رہے گی اور پہلی صف میں تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ نماز پڑھنے کا موقع بھی ملے گا ❁ نیک نمازی اسلامی بھائیوں کی صحبت اختیار کیجیے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:32 کے مطابق **ظہر کی سُنّتِ قَبْلِیہ پڑھنے** کے عنوان

1 ... سنن ابو داود، کتاب الصلاۃ التطوع، باب الأربع قبل الظہر و بعدھا، صفحہ:208، حدیث:1270۔
2 ... بہارِ شریعت، جلد:1، حصہ:4، صفحہ:663، بتغیر قلیل۔
3 ... فتاوی رضویہ جلد:1، ص:903، ماخوذاً۔
4 ... بہارِ شریعت، جلد:1، حصہ:3، صفحہ:664، بتغیر قلیل۔
5 ... فتاوی اہلسنت غیر مطبوعہ، فتوی نمبر:WAT-1025۔
6 ... فتاوی رضویہ جلد:1، ص:903، ماخوذاً۔
7 ... بحر الرائق، کتاب الصلاۃ، باب ادراک الفرض، جلد:2، صفحہ:132۔

